**سوال** ۔ عورتوں کو عورتوں کے ساتھ مصافحہ یا معانقہ کرنا جائز ہے یا نہیں۔

**جواب** ۔ یہ اصولی مسئلہ ہے کہ مردوں کے احکام عورتوں کو شامل ہوتے ہیں جب تک استثناء نہ ہو عورتیں جدا نہیں سمجھی جاتیں جیسے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا یہ خطاب اگرچہ مردوں کو ہے مگر عورتیں بھی اس میں داخل ہیں اس طرح مصافحہ معانقہ سمجھ لیں پس مصافحہ معانقہ کا حکم جیسے مردوں مردوں میں تھا ویسے ہی عورتوں میں ہوگا صرف غیر محرم خارج ہوگا۔

عبداللہ امرتسری روپڑی

## مسجد میں اپنی زوجہ کا بوسہ یا معانقہ

**سوال** ۔ مسجد میں اپنی منکوحہ کا بوسہ معانقہ کرنا جائز ہے یا نہیں؟

**جواب** ۔ صریح نص اس بارہ میں کوئی نہیں البتہ ادب کے خلاف ہے اور آیت کریمہ وَلَا تُبَاشِرُوْهُنَّ وَاَنْتُمْ عَاكِفُوْنَ فِی الْمَسَاجِدِ۔ سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے کہ یہ نہ چاہیئے۔

عبداللہ امرتسری روپڑی

# ضبط تولید کا بیان

## ضبط تولید

**سوال** ۔ ضبط تولید جائز ہے یا نہیں؟

جس عورت کو حمل جلد قرار پائے وہ حمل کو بالکل روکنے کے لئے یا دفعہ سے ہونے کے لئے کوئی دوا استعمال کر سکتی ہے یا مرد کوئی ایسی ترکیب کر سکتا ہے جس سے حمل بالکل نہ ہو یا دیر سے ہو؟

حفیظ الرحمن ایم۔اے۔بی۔ٹی گورنمنٹ ہائی سکول ملت پور ضلع جھانسی ملت پور

**جواب** ۔ دوا کھانی تو اچھی نہیں کیونکہ یہ خصی کرنے کے مشابہ ہے جس سے حدیث میں نہی آئی ہے اور کچھ مدت تک حمل نہ ٹھہرنے کی دوائیں بھی خطرہ ہے کہ کہیں زیادہ نقصان نہ پہنچ جائے جو حمل کی

مناسبت مدت سے گزر جائے۔ ہاں عزل کی گنجائش ہوسکتی ہے اگرچہ شریعت نے اس کو کوئی بہتر شے قرار نہیں دیا۔ مگر اس پر کوئی ایسی سختی بھی نہیں کی۔ سو جو عزل کرنا چاہے کرسکتا ہے عزل اسے کہتے ہیں کہ انزال کے وقت پانی باہر ڈال دیا جائے اور بہتر ہے کہ عزل بھی نہ ہو کیونکہ حدیث میں ہے جو روح دنیا میں آنی ہے وہ بہر صورت آئے گی ایسے حیلوں سے رک نہیں سکتی امام حسن رضی اللہ عنہ کی ولادت اور امام حسین رضی اللہ عنہ کے حمل قرار پانے میں قریباً پچاس روز کا فاصلہ تھا اس سے آپ اندازہ کرسکتے ہیں کہ خدا کے حوالہ کرنا بہتر ہے۔

**نوٹ:۔** آج کل برتھ کنٹرول یعنی ضبط تولید کی بہت حمایت کی جارہی ہے یہ وبا یورپ سے چل کر ہندوستان میں بھی پھوٹ پڑی۔ تہذیب یورپ کے دلدادہ مرد اور عورتیں اس کا شکار نظر آرہی ہیں ان کے خیال میں اولاد ایک مصیبت اور جنجال ہے۔ جو میاں بیوی کے تعش اور آزادی کے راستہ میں زبردست رکاوٹ ہے حالانکہ یہ خیال اخلاقی، اقتصادی، سیاسی نقطہ نظر سے قابلِ اعتراض ہیں۔

عبداللہ امرتسری روپڑی

# حقوق العباد کا بیان

## امانت، عاریت

**سوال:۔** میرا بھائی جب فوت ہونے لگا تو اس نے کچھ روپیہ مجھ کو دیا کہ میری طرف سے تم خود حج کرنا وہ روپیہ میں نے اپنے پاس رکھ لیا کہ وقت پر حج کر آؤں گا۔ اسی اثناء میں مجھ سے دو ہزار روپیہ ٹھگ کر لے گیا بھائی کا حج کے لئے دیا ہوا روپیہ بھی اس میں آگیا اب میرے پاس سوائے سات ایکڑ زمین کے اور کوئی جائیداد نہیں ہے اب عرض یہ ہے کہ اگر کسی حاجی کو کچھ روپے دیدیئے جائیں کہ وہاں جاکر میرے بھائی کا حج کرادیں ادا ہوسکتا ہے یا نہیں؟ باقی روپیہ میرے ذمہ سے ساقط ہوجائے گا یا نہیں؟

مولوی عبدالحق چک نمبر ۴۴ بہاولپور

**جواب:۔** مالی حقوق تین قسم ہیں۔ عینی۔ دینی۔ عینی دینی